09/07/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی پانچ ملکوں کے دورے کے حتمی مرحلے میں آج Namibia  پہنچ رہے ہیں۔ یہ ان کا Namibia کا پہلا دورہ ہو گا ۔ دورے کے دوران دونوں ملکوں کے درمیان کئی اہم شعبوں میں اشتراک کو بڑھاوا دینے کےلئے مفاہمت ناموں پر دستخط کئے جا ئیں گے۔

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ جموں کشمیر میں پچھلے چند برسوں کے دوران سیاحتی سیکٹر میں مثبت تبدیلی رونما ہوئی ہے ۔ سرینگر میں ٹور ازم سیکریٹریونکی قومی SKICC کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس شعبے کی ترقی کو امن اور خوشحالی کے ماحول میں یقینی بنایاجا سکتا ہے ۔

یاترا

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا پہلگام اور بال تل دونوں راستوں سے احسن طریقے پر جا ری ہے اور کل شام تک ایک لاکھ گیارہ ہزار 973 یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیولنگم کے درشن کئے ۔ دریں اثناءآج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے مزید 7 ہزار 579 یاتریونکے ایک اور قافلے کو وادی کی طرف روانہ کیا گیا ۔

دریں اثناءگاندربل سے ہمارے نمائندے صابر ایوب نے خبر دی ہے کہ گھپا کے گرد و نواح میں مطلع ابرآلود ہے تاہم یاترا جاری ہے اور آج صبح بال تل بیس کیمپ سے پانچ ہزار 882 یاتریوں کو گھپا کی طرف روانہ کیا گیا ۔

چيف سيکريٹری

چيف سيکريٹری اٹل ڈلو نے سرينگر ميں ميٹنگ کے دوران 26 اور 27 جولائی کو منعقد ہونے ولای سٹيٹليگل سروسز اتهارٹيوں کی آٹهويں نارته زون ريجنل کانفرنس کے سلسلے ميں کی جا رہی تياريوں کا جائزه ليا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدايت دی کہ وه اس کانفرنس کو کامياب بنانے کےلئے تمام لازمی اقدامات کريں ۔

حج

حج کميٹی آف انڈيا نے حج 2026 کے سلسلے ميں آن لائن درخواستيں طلب کی ہيں ۔ خواہشمند عازمين 31 جولائی 2025 تک اپنی درخواستيں جمع کرا سکتے ہيں ۔ مزيد تفصيلات ديتے ہوئے اس بارے ميں جموں کشمير حج کميٹی کے ايگزيکٹو آفيسر ڈاکٹر شجاعت احمد قريشی نے آکاشوانی نيوز سرينگر کے ساته بات کرتے ہوئے کہا۔

ہيلپ ڈيسک

سرينگر ضلع انتظاميہ نے دہشت پسندی سے متاثره کنبوں کے مسائل کے تيز تر نمٹارے کو يقينی بنانے کےلئے ڈپٹی کمشنر کے دفتر ميں ايک ہيلپ ڈيسک قائم کيا ہے جس کے ساته فون نمبر 0194- 2457543 اور واٹس ايپ نمبر 9103998355 پر رابطہ قائم کيا جا سکتا ہے ۔

ڈپٹی کمشنر سرينگر

ڈپٹی کمشنر سرينگر اکشے لابرو نے کل نشاط اور ہارون ميں قائم اربن پرائمری ہيلته مراکز کا دوره کر کے وہاں ہاته ميںلئے گئے تعميراتی کاموں کا جائزه ليا ۔ اس دوران انہوں نے وہاں طبی ماہرين کے ساته بات کرتے ہوئے کہا کہ مريضوں کو بہتر سے بہتر طبی سہوليات دستياب کرانے ميں کوئی بهی دقيقہ فروگزاشت نہيں کيا جا نا چاہئے ۔

JJM

قانون ساز اسمبلی کمپليکس سرينگر ميں کل جل جيون مشن سے متعلق ہاوس کميٹی کی چوتهی ميٹنگ منعقد ہوئی ۔يہ ميٹنگ جل جيون مشن ميں مشن کی عمل آوری ميں مبينہ دهاندليوں کا جائزه سے متعلق کميٹی Privileges لينے کےلئے منعقد ہوئی ۔ اس دوران وہاں قانون ساز اسمبلی کی کی ميٹنگ بهی منعقد ہوئی جس ميں مختلف امور پر تبادلہ خيال کيا گيا ۔

بڈگام میٹنگ

بڈگام میں ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال م□ی□ادین بٹ کی صدارت میں ضلع سطح کی جائزہ کمیٹی کی 91 ویں میٹنگ منعقد ہوئی ۔ انھوں نے تمام کیسوں کو وقت پر منظور کرنے اور رقومات کی واگزاری کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں ۔ انھوں نے کہا کہ خود روزگار سکیموں کے بارے میں زیادہ سے زیادہ بیداری پیدا کی جانی چاہئے ۔

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ

بانڈی پورہ کے گورنمنٹ مڈل سکول میں Marder ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور ا□مد قادری نے کل ایک یوتھ کلب کا افتتاح کیا ۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ کھیل کود کی بدو□ت نوجوانوں کو منشیات اور دیگر بدعات سے دور رکھا جا سکتا ہے ۔

درجہ □رارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ □رارت 19 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ □رارت 25 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا □افظ